## قومی خزانے اور معیشت میں حصہ

آپ کی کمپنی نے سال کے دوران میں انکم ٹیکس، سپر ٹیکس، کسٹم ڈیوٹیز اور دیگر محصولات کی مد میں قومی خزانے میں 14,703 ملین روپے جمع کرائے۔

## پراویڈنٹ فنڈ اور گریجویٹی

کمپنی اپنے ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے فوائد فراہم کرتی ہے۔ ان میں غیر شراکتی متعین فنڈ پر مبنی گریجویٹی اسکیم اور شراکتی پراویڈنٹ فنڈ شامل ہے۔ متعین فنڈ پر مبنی گریجویٹی اسکیم سال کے اختتام پر مکمل طور پر فنڈڈ ہی جس میں سال کے اختتام پر 102 ملین روپے کا خالص سرپلس موجود ہے۔ 55:2024 ملین روپے دونوں اسکیمیں فنڈڈ ہیں اور ٹیکس اتھارٹیز سے تسلیم شدہ ہیں۔

## اعتراف

ISL نے کی MAP جانب سے 39 ویں کارپوریٹ ایکسی لنس ایوارڈز (CEA) میں مسلسل چھٹی مرتبہ ایوارڈ حاصل کیا، جو ہماری غیر معمولی کارکردگی اور بہترین انتظامی معمولات کا اعتراف ہے۔

ستمبر 2024 میں ISL کو Religion for Peace، The Intellects Club اور روٹری کلب کی جانب سے 7 واں CSR ایوارڈ کا اعزاز حاصل ہوا۔

مستقبل کا منظر نامہ

کمپنی کو آنے والے سال میں مثبت کاروباری ماحول کی امید ہے جس کو متعدد میکرو اکنامک اور پالیسی پر مبنی عوامل سے مدد ملے گی اس منظر نامے کے لئے بنیادی محرکات میں نمو سے متعلق حکومتی پالیسیز، افراط زر کے دباؤ میں کمی، معیشت کی بحالی کی علامات اور شرح سود میں کمی شامل ہیں، اور توقع ہے کہ یہ تمام انڈسٹری کی سرگرمیوں کیلئے ایک زیادہ سازگار ماحول پیدا کریں گے۔

مالی سال 2026 کیلئے حکمت عملی کی ترجیحات میں مرکزی توجہ کے نکات:

- مقامی اور برآمدی مارکیٹس میں سیلز کے حجم میں پائیدار نمو
- ملی جلی توانائی کا انتخاب اور مجموعی طور پر توانائی کے خرچ میں کمی لانا
- دیئے گئے مارجنز میں اضافے کیلئے لاگت کی تبدیلی میں کمی
- مارکیٹ میں بگاڑ کی صورتحال سے مقابلے کیلئے ضابطوں پر مسلسل عملدرآمد

ایک مضبوط تر مارکیٹ پوزیشن، لاگت کے منظم اسٹرکچر اور ہدف پر مبنی اقدامات کے ساتھ ISL قلیل المدت طیران پذیری سے نمٹنے، جبکہ درمیانی مدت کے مواقع حاصل کرنے کی پوزیشن میں ہوگی۔

سال 2026 کیلئے حکومت نے 4.2% جی ڈی پی کی نمو کا ہدف مقرر کیا ہے جو بنیادی طور پر زرعی شعبہ کے دوبارہ ابھرنے اور صنعتی سرگرمیوں کی اعتدال کے ساتھ بحالی سے حاصل ہوگا۔ افراط زر کی شدت جو گزشتہ مالی سال میں کم ہوگئی تھی، توقع ہے کہ اعتدال کے ساتھ 7.5% تک بڑھ جائے گی، جس کا بڑا سبب بنیادی اثرات اور عالمی اشیاء کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ ہے۔

اس پس منظر کے برخلاف، طویل پائیدار نمو کو یقینی بنانے کیلئے کمپنی لاگت کی منیجمنٹ، آپریشنز کی استعداد اور مارکیٹ کے تنوع پر توجہ مرکوز رکھے گی۔

آئندہ پر نظر رکھتے ہوئے، تحقیق اور ڈیولپمنٹ پر مسلسل زور دینا لازمی ہے تا کہ مختلف پہلوؤں کی مارکیٹ میں متحرک رہا جائے اور اپنی مسابقتی پوزیشن کو مضبوط کیا جائے

کمپنی اپنے اسٹیک ہولڈرز کیلئے اقدار کی تخلیق کیلئے، نیز کمیونٹی اور ماحولیات کے لئے مثبت سرگرمیوں کیلئے مکمل طور پر پرعزم ہے۔

## اعتراف

بورڈ اپنے ملازمین، صارفین، سپلائرز، شیئر ہولڈرز اور بینکرز کے مسلسل تعاون پر ان کا شکر گزار ہے۔ اسٹیک ہولڈرز کے طویل مدت سے ہم پر اعتماد اور خلوص نے کمپنی کے استحکام اور خوشحالی کو ممکن بنایا ہے۔

ہم کمپنی کی کامیابیوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے مفاد اور خاص طور پر ملک کی بہتری کیلئے ہمیشہ اللہ تعالی سے دعا گو ہیں۔



سمیر ایم چنائے
چیف ایگزیکٹو آفیسر



کمال اے چنائے
چیئرمین

کمپنی معاشرے کی بہتری اور کمیونٹی ڈیولپمنٹ کے اقدامات میں شرکت کرنے کیلئے اپنے پختہ عزم کا مظاہرہ کرتی ہے اور اس سلسلے میں مختلف تنظیموں، جیسے عامر سلطان چنائے فاؤنڈیشن کے ساتھ مستقل تعاون پیش کرتی ہے۔

## خدشات کا سدباب

کمپنی کا ایک مضبوطERMفریم ورک موجود ہے جس کے ذریعے حکمت عملی، آپریشنز، مالیاتی اور عمل درآمد سے متعلق خدشات کی نشاندہی کی جاتی ہے اور ان کا سدباب کیا جاتا ہے۔اہم خدشات میں مارکیٹ کی طیران پذیری، کریڈٹ رسک، آپریشن میں درپیش رکاوٹیں اور ضوابط میں ردوبدل شامل ہیں۔ نقصانات سے بچاؤ کی حکمت عملی کے تحت جیسے خدشات کی منتقلی، خدشات سے گریز اور خدشات میں کمی لانا جیسے اقدامات کئے گئے ہیں تا کہ خدشات کا موثر طور پر سدباب کیا جاسکے۔اندرونی کنٹرولز کا ایک مضبوط سسٹم بھی قائم کیا گیا ہے جس کو مسلسل خود تشخیصی کے ذریعے چلایا اور مانیٹر کیا جاتا ہے۔نئے ابھرنے والے خدشات، جیسے سرکیومونیٹشن کی درآمد، توانائی کی لاگت کے گہرے اثرات کو وکالت، پروسیس کی بہتری اور سپلائی چین کے تنوع کے ذریعے فعال طور پر ختم کیا جاتا ہے۔

ایک تفصیلی رسک رجسٹر، جس میں اہم خدشات اور ان سے متعلق کنٹرولز شامل ہیں، مرتب کیا گیا ہے اور بورڈ آڈٹ کمیٹی وقفے وقفے سے اس کا جائزہ لیتی رہتی ہے۔ اس سلسلے میں 30 مئی 2025 کو ایک خصوصی BAC میٹنگ منعقد ہوئی جس میں خدشات اور ان کے مناسب سدباب کیلئے سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔
ایک خود مختار اندرونی آڈٹ کا نظام آڈٹ کمیٹی کو براہ راست رپورٹ پیش کرتا ہے تا کہ ان کنٹرولز کے ڈیزائن اور عمل درآمد کے موثر ہونے کو یقینی بنایا جاسکے۔

## بورڈز کی ترتیب اور مشاہرہ

بورڈ کی ترتیب اور بورڈ کی ذیلی کمیٹیوں کے ممبرز کے ناموں کی تفصیل صفحہ نمبر85 اور 100 پر موجود ہے۔
کمپنی نے اپنے ڈائریکٹرز کے مشاہرے کیلئے ایک شفاف پالیسی اور طریقہ کار ترتیب دیا ہے۔
آڈیٹر کے تقرر کیلئے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارشات
آڈیٹر کے تقرر کیلئے آڈٹ کمیٹی کی سفارشات صفحہ نمبر 102 پر دی گئی ہیں۔

## ڈیویڈنڈ

کمپنی کے مالیاتی نتائج برائے سال 25-2024 کے مطابق، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مالیاتی سال مختتمہ 30 جون 2025 کیلئے حتمی کیش ڈیویڈنڈ بحساب 25% یعنی 2.5 روپے فی شیئر کی سفارش کی ہے۔

| تخصیصات | 2025<br>روپے '000 میں | 2024 |
|---|---|---|
| بعد از ٹیکس منافع برائے سال | 1,559,261 | 3,654,815 |
| عبوری ڈیویڈنڈ 2025: صفر; (2024 : 2.5 روپے فی شیئر) | - | (1,087,500) |
| حتمی ڈیویڈنڈ 2025 : 2.5 روپے فی شیئر (2024 : 3.0 روپے فی شیئر) | (1,087,500) | (1,305,000) |

## مالیاتی صورتحال

زیر جائزہ مالی سال میں 62.3 بلین پاکستانی روپے کی آمدنی ہوئی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 10% زیادہ ہے۔ مجموعی منافع کا مارجن 12.37% سے کم ہو کر 8.58% ہو گیا، جو بنیادی طور پر توانائی کی بڑھتی ہوئی لاگت اور کم کیپیسیٹی کے استعمال کے باعث ہوا۔ کمپنی کا بعد از ٹیکس منافع 1,559 ملین روپے رہا جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں 3,655 ملین روپے ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ان نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ قلیل مدت کے مارجن میں کمی بیرونی دباؤ کے باعث ہوئی، لہذا کمپنی نے حکمت عملی کے تحت دوسرا راستہ اختیار کیا اور مارکیٹ شیئر برقرار رکھنے، انونٹری کا انتخاب کرنے اور توانائی کی استعداد پر توجہ مرکوز کی تاکہ بہتر مقررہ لاگت کو شامل رکھا جائے اور قلیل مدت میں مارجن کی بحالی حاصل کی جائے۔

اس کمی سے ظاہر ہوتا ہے کہ انڈسٹری کو جاری چیلنجز کا سامنا ہے۔ منافع پر بنیادی طور پر بیرونی عوامل کے دباؤ کا اثر پڑا جس میں اپریل 2025 میں درآمدات پر 5% ریگولیٹری ڈیوٹی کی مدت کا خاتمہ، اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز کے عدم نفاذ اور سرکیومونیشن پر مبنی درآمدات، جیسے گیلوالیوم/ZAM شامل ہیں، نیز انڈسٹری کے مارجن پر مہنگی توانائی اور ان پٹ کی لاگت کا دباؤ بھی جاری رہا۔ ان مشکلات کے باوجود، کمپنی نے منظم حکمت عملی کے طرز عمل کو جاری رکھتے ہوئے مارکیٹ شیئر برقرار رکھنے، انونٹری کا انتخاب اور لاگت پر کنٹرول پر توجہ مرکوز رکھی۔ اس طے شدہ تبدیلی سے اگرچہ قلیل مدت کے منافع پر اثر پڑا، مگر کمپنی اپنی حکمت عملی کے مطابق حجم میں توسیع، مقررہ قیمت کو سمونے اور طویل مدت کے توانائی کی استعداد کے فائدے حاصل کرنے کی پوزیشن میں آگئی۔

## فی شیئر آمدنی

سال مختتمہ 30 جون، 2025 کیلئے فی شیئر آمدنی 3.58 روپے رہی، جبکہ گزشتہ سال فی شیئر آمدنی 8.40 روپے تھی۔

## VIS کریڈٹ ریٹنگ

VIS کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ نے کمپنی کی 'A+/A- 1' (Single A Plus/A-One) کی ریٹنگ برقرار رکھی، جس کا جائزہ اکتوبر 2024 میں لیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں آئندہ کے امکان بھی 'مستحکم' رہے۔

## انسانی وسائل

کمپنی نے صنعتی ہم آہنگی کی فضا اور اعلیٰ کارکردگی کے کلچر کو برقرار رکھا جو غیر جانبداری، شفافیت اور میرٹ پر مشتمل ہے۔ ہماری صلاحیت کی حکمت عملی ادارے میں ہر سطح پر صلاحیتوں کو ابھارنے، کاروبار کے تسلسل اور مستقبل کیلئے قیادت کی تیاری، دونوں کو یقینی بنانے پر مرکوز ہے۔ پالیسیز اور پروسیجرز پر بھرپور عمل درآمد کے ساتھ مختلف شعبوں کے افراد پر مبنی ٹیم سازی کے اقدامات اٹھائے جن کے ذریعے اشتراک عمل، اعتماد اور اداراتی ہم آہنگی کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔

690 بہترین ملازمین کے ساتھ ISL میں ایک مربوط وراثت کا پلان موجود ہے جو کارکردگی کی کڑی جانچ کے ساتھ ساتھ سیکھنے کے مقرر کردہ اہداف کے حصول پر مبنی ہے۔ ملازمین کو اعلیٰ ترین علمی اداروں، جیسے لمس، آئی بی اے، آئی سی اے پی، ایم اے پی کے ساتھ جاپان میں ایڈوانسڈ اوورسیز لیڈرشپ پروگرام میں شرکت کے ذریعے ڈیولپمنٹ کے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں۔

ہم نے اپنے ملازمین کی صحت وعافیت کے لئے مختلف انتظامات کئے ہیں جن میں اسٹیٹ آف دی آرٹ جمنازیم جو صحت افزاء اور کام کے ساتھ متوازن لائف اسٹائل فراہم کرتا ہے۔ اپنے اعلیٰ ترین ایچ آر کی پیروی میں ISL کو ایمپلائز فیڈریشن آف پاکستان کی جانب سے "بہترین ایمپلائر آف دی ایئر" کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ انتظامی کردار میں خواتین کی نمائندگی کو توسیع دینے کا عمل بھی جاری ہے جو ہمارے تنوع کی شمولیت اور میرٹ پر مبنی ترقی کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

## اجتماعی سماجی ذمہ داری

کمپنی اجتماعی سماجی ذمہ داری کے اقدامات کیلئے دیرپا ڈیولپمنٹ کے عزم پر کاربند ہے۔ اہم قابل توجہ شعبوں میں تعلیم، صحت عامہ اور ماحولیات کا تحفظ شامل ہے۔ اس سلسلے میں کمپنی نے توانائی کی استعداد کے اقدامات اور قابل تجدید توانائی کے ذریعے کاربن کے اثرات کو کم کیا ہے۔ کمپنی نے صحت عامہ، تعلیمی اور سماجی بہتری کے متعدد پروجیکٹس میں 22.6 ملین روپے خرچ کئے ہیں۔

کمپنی باقاعدگی کے ساتھ صحت کے مختلف اداروں کو تعاون پیش کرتی رہتی ہے تاکہ معاشرے کے کم مراعات یافتہ طبقے کو معیاری صحت کی سہولتیں یقینی طور پر پہنچتی رہیں ان اداروں میں کاروانِ حیات اور الرحمت بینوویلنٹ ٹرسٹ شامل ہیں۔

ISL کو یقین ہے کہ ہمارے ملک کے مستقبل کا اعلیٰ معیاری تعلیم سے گہرا تعلق ہے۔ تعلیم نہ صرف پائیدار معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے بلکہ معاشرے میں لوگوں کے آپس میں میل جول اور فلاح کیلئے بھی نہایت اہم ہے۔ کمپنی نے NED یونیورسٹی کے ساتھ مستحق طلبہ کیلئے اسکالرشپ پروگرام پیش کرنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے اور ہم دی سٹیزن فاؤنڈیشن کے ساتھ ان کی تعلیم کے فروغ کی سرگرمیوں کیلئے مسلسل تعاون کرتے رہتے ہیں۔

نیسنل ٹیرف کمیشن نے حال ہی میں ایک اینٹی سرکموینشن درخواست کا جائزہ مکمل کیا ہے اور سرکمونیٹڈ کوٹڈ مصنوعات پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز نافذ کر دی ہیں۔ یہ اقدامات ISL کی فعال ریگولیٹری حکمت عملی کی عکاسی کرتی ہیں جو برابری کی سطح پر کاروباری شعبہ کو ترتیب دینے میں معاون ہے۔

## فروخت

سال کے دوران میں، کمپنی کے فروخت کے حجم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں اضافہ ہوا اور فروخت کی آمدنی 62.3 بلین روپے ہوئی۔ اس کارکردگی سے انتہائی مسابقتی اور چیلنجز والے ماحول میں کمپنی کی استقامت کی عکاسی ہوتی ہے۔ مقامی مارکیٹ شیئر 20% سے بڑھ کر 23% ہو گیا جو صارفین کے ساتھ مضبوط رابطہ، تقسیم کاری کی پہنچ اور ہدف پر مبنی فروخت پروگرام کا اظہار ہے۔

تاہم یہ اضافہ مارکیٹ کے عوامل، خاص طور پر FATA/PATA ریجنز میں کاروباری آپریشنگ کو دیئے گئے سیلز ٹیکس استثنیٰ کے غلط استعمال کے باعث محدود رہا۔ ان عوامل کے سبب مسابقت مجروح ہوتی ہے اور کاروبار کیلئے عدم مسابقت کی سطح پیدا ہوتی ہے جو مارکیٹ میں طویل مدت کے استحکام کیلئے خطرہ ہے۔

برآمدی فروخت نے مقررہ قیمت کے جذب ہونے اور گنجائش کے استعمال میں بڑے پیمانے پر حصہ ڈالا اور ISL نے اپنے طویل المدت حجم کی حکمت عملی کے حصے کے طور پر برآمدی نمو کو سہارا دینے پر توجہ مرکوز رکھی۔

کمپنی کاروباری اخلاقیات پر پوری طرح عمل پیرا رہتی ہے اور ایک صاف، شفاف اور درست ضابطے کے دائرہ کار میں رہنے کی حمایت کرتی ہے تاکہ انڈسٹری کو برابری کی بنیاد پر کام کرنے کو یقینی بنایا جاسکے۔

## پیداواری طرز عمل

کمپنی پیداواری عمل کے طریقہ کار میں استعداد پیدا کرنے اور کم سے کم ضیاع کیلئے Lean مینوفیکچرنگ اور Six sigma پر عمل درآمد کرتی ہے۔ موجودہ سال میں 264,000 ٹن کی پیداوار ہوئی، جو فروخت کی طلب سے مطابقت رکھتی ہے۔ کمپنی نے متعدد اقدامات کے ذریعے لاگت کو مناسب رکھنے پر بھرپور توجہ جاری رکھی جس کیلئے پروسس میں ضیاع میں کمی اور مجموعی طور پر پلانٹ کی استعداد میں بہتری لانا شامل ہے۔ ان اقدامات کے نتیجے میں فی ٹن لاگت میں قابل قدر کمی آئی اور آپریشنز میں استحکام اور مسابقت میں اضافہ ہوا۔

## صحت، تحفظ اور ماحولیات

کمپنی صحت، تحفظ اور ماحولیات (HSE) کے معیار کو برقرار رکھنے اور پائیدار کارکردگی کے حصول کیلئے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ گزشتہ سال کے دوران میں HSE کی ذمہ داریوں میں نمایاں اضافہ کیا گیا۔ خاص طور پر نومبر 24 سے ہم نے 0.91 ملین محفوظ افراد (سیف مین) آورز، بلا کسی بڑے ضرر حاصل کیا، جو ہمارے مضبوط تحفظ کے کلچر کی عکاسی کرتا ہے جبکہ یہ آپریشنز کے مسلسل جاری رہنے میں مددگار ہے۔ پہلا HSE ڈے جون 2025 میں منایا گیا جس میں تقریباً 570 ملازمین نے شرکت کی جو کام کی جگہ پر تحفظ پر توجہ مرکوز رکھنے کا اعادہ ہے۔ ہم نے عالمی یوم ماحولیات پر شجرکاری کی جو ہمارے ماحولیات سے متعلق عزم کو واضح کرتی ہے۔

ہم نے LRQA سے بیرونی طور پر QHSE سرویلنس آڈٹ بھی کروایا، جو ہمارے ISO 9001:2015۔ ISO 14001:2015 اور
ISO 45001:2018 معیارات کی پیروی کی تصدیق کرتا ہے۔ ماحولیات کی مسلسل نگرانی اور ہنگامی حالات میں جگہ خالی کرنے کی مشقیں بھی کرائی گئیں جو ضابطہ پر عمل درآمد کیلئے تیار رہنے کو یقینی بناتی ہیں۔

فروری میں ہماری HSE فیملی آن لائن ٹریننگ کا انعقاد ہوا جس کی ہمیں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی اور ملازمین اور ان کی فیملیز کے درمیان تحفظ کی آگہی پر زور دیا گیا۔ اس کے علاوہ تحفظ کے دیگر پروگراموں میں ٹریننگ کے کل 6,073 گھنٹے مخصوص ہوئے جس سے اسٹاف کو اہم صلاحیتوں اور معلومات فراہم ہوئیں۔ ان اقدامات سے کمپنی کے HSE کے اعلیٰ ترین معیار کیلئے غیر متزلزل عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

## توانائی کے انتظامات

کمپنی کے 19MW کو۔ جنریشن پاور پلانٹ سے آپریٹ کرنے کی استعداد کے ساتھ شمسی توانائی سے بجلی کی ضروریات پوری کرتے ہوئے کام کر رہی ہے۔ ہماری پائیداری کی کاوشوں کے مطابق، 6.4MW سولر پروجیکٹ کی کامیاب تنصیب اور کمشننگ سے ہمارے صاف توانائی کے عزم کی مزید تصدیق ہوئی ہے۔
شمسی توانائی پروجیکٹ سالانہ لاگت میں نمایاں بچت فراہم کر رہا ہے اور ISL کی انرجی مکس کے انتخاب کی حکمت عملی، یعنی زیادہ قیمت پر سپلائی کے انحصار میں کمی کے ہدف کو پورا کرنے کیلئے بنیادی ستون ثابت ہوا ہے۔

# ڈائریکٹرز کی رپورٹ

انٹر نیشنل اسٹیلز کے ڈائریکٹرز 18ویں سالانہ رپورٹ مع آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے مالی سال مختتمہ 30 جون 2025 پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتے ہیں۔

## عالمی اسٹیل کا منظر نامہ

پورے سال کے دوران میں اسٹیل کے خام مال (خاص طور پر آئرن اور اور کوکنگ کول) کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، چین کی جارحانہ برآمداتی پالیسیز اور جیو پولیٹیکل غیر یقینی صورتحال کے باعث غیر مستحکم رہیں۔ ان عوامل کے باعث کاروبار میں تناؤ پیدا ہوا اور اس کے نتیجے میں تحفظ کے ٹیرفس کا نفاذ اور متعدد ریجنز میں اینٹی ڈمپنگ کی تحقیقات کا آغاز ہوا۔ اس کے رد عمل کے طور پر بڑے عالمی پروڈیوسرز نے مسابقت برقرار رکھنے کیلئے پیداواری استعداد میں اضافہ، برآمدات کے مقامات میں تنوع اور ڈیکاربونائزیشن میں سرمایہ کاری بڑھانے جیسے اقدامات کئے۔

اگرچہ انڈسٹری کی بنیادی ضروریات مضبوط ہیں، آنے والے وقت میں عالمی اضافی گنجائش، قیمتوں کے دباؤ اور کاروبار کے تحفظ میں اضافے کا عمل جاری رہنے کے خدشے کے باعث فلیٹ اسٹیل کے منظر نامے میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ حکمت عملی کے تحت منظم گنجائش، ٹیکنالوجی کی جدت اور متحرک مقامی طلب نمو کے مستحکم ہونے کی بنیاد ہوگی۔

## قومی معیشت

مالی سال 2025 کیلئے ایک محتاط امید افزا امکانات موجود ہیں جن سے معاشی صورتحال کی بحالی کی عکاسی ہوتی ہے جبکہ پائیدار، مجموعی نمو کیلئے اسٹرکچرل اصلاحات کی ضرورت نمایاں ہوتی ہے۔

مالی سال 2025 کے دوران میں حقیقی جی ڈی پی میں 2.68% اضافہ ہوا، جو گزشتہ سال کی نمو سے خاطر خواہ بہتر ہے، جس کو افراط زر میں نمایاں کمی، بیرونی توازن کی بہتری اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں مضبوطی سے مدد ملی۔ افراط زر میں گزشتہ سال کے 23.4% کے مقابلے میں تیزی سے 4.5٪ تک کمی آئی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پالیسی ریٹ میں جولائی 2024 سے 950 بیسس پوائنٹس کم کردیئے، جس سے کریڈٹ کے حالات میں آسانی اور نجی شعبہ کی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی ہوئی۔ مالی شعبہ میں بھی کافی بہتری آئی اور مالی خسارہ جی ڈی پی کے 5.4٪ تک محدود رہا اور ابتدائی سرپلس میں 2.4٪ اضافہ ہوا ٹیکس کی آمدنی تیزی کے ساتھ 26.2% تک بڑھ گئی اور ترقیاتی اخراجات میں اضافہ ہوا، جو حکومت کے ترقی کیلئے اخراجات میں اضافہ کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ میں 2.1 بلین ڈالر سرمثبت رہا جس کے مقابل گزشتہ سال کے 2.1 بلین یو ایس ڈالر کا خسارہ دیکھا گیا، یہ رقم ریکارڈ ترسیلات زر اور مستحکم برآمدات سے حاصل ہوئی۔

ISL کیلئے یہ معاشی استحکام اور کم تر مالیاتی لاگت طلب کی بحالی میں مددگار ہوتی ہیں اور پیداواری حجم بڑھانے کا محرک ہے۔ تاہم تجارتی ضوابط اور ٹیکس کی اصلاحات کے نفاذ مقامی مارکیٹ کیلئے برابری کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ناگزیر ہے۔

## شعبہ جاتی مجموعی کارکردگی

- **زراعت** میں 0.56% اضافہ ہوا، جس پر بڑی فصلوں کی پیداوار میں کمی کا اثر پڑا مگر لائیو اسٹاک سیکٹر کے شعبے سے زراعت کے شعبے کو تقویت ملی۔
- **انڈسٹری** میں 4.77% اضافہ ریکارڈ ہوا باوجود اس کے کہ بڑے پیمانے کی صنعتوں میں جاری چیلنجز کے سبب شرح نمو 1.21% کی حد تک کم ہوئی۔
- **خدمات** کے شعبہ میں، جو ہمارا سب سے نمایاں شعبہ ہے، 2.91% اضافہ ہوا جس میں سرفہرست IT، کاروبار اور مالیاتی خدمات شامل ہیں۔

مالی سال 2025 استحکام کے لحاظ سے ایک نئے موڑ پر آیا، لیکن آنے والے وقت کیلئے اسٹرکچرل اصلاحات، خاص طور پر افرادی سرمایہ کاری، زراعت، برآمدات میں مسابقت اور اداراتی گورننس کی ضرورت ہے۔

## کاروبار کا جائزہ

انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ نے اس مشکل معاشی ماحول میں آگے بڑھنے کیلئے استقامت کا مظاہرہ کیا۔ کمپنی نے جاری سرمایہ کاری کے منصوبوں کو ترجیح دی اور خام اور تیار مال کے ذخائر کی سطح کو مارکیٹ کی طلب کے مطابق کیا اور لیٹر آف کریڈٹ کے استعمال کا انتخاب کیا۔ آپریشنز کی استعداد کو توانائی کی بچت کے ذریعے قائم کرنے پر توجہ مرکوز رکھی اور اس حکمت عملی کے باعث کاروباری سرمائے کو بہاؤ میں مدد ملی جس سے قرضہ جات کی ضرورت میں کمی آئی۔

نیشنل ٹیرف کمیشن نے کمپنی کے کولڈ رولڈ کوائلز اور شیٹس پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز کے اختتامی جائزے کا اہتمام کیا۔ اس کے نتیجے کے مطابق مقامی انڈسٹری کیلئے مشکل حالات برقرار ہیں، اس تناظر میں ڈیوٹیز میں آئندہ پانچ سال کیلئے توسیع کردی جس نتیجے میں مقامی مارکیٹ شیئر کو تحفظ حاصل ہوا اور پیداوار میں اضافے کی ایک مستحکم بنیاد فراہم ہوئی۔

حکومت نے FATA/PATA پر سیلز ٹیکس کے استثنٰی کو 18% سے کم کر کے 8% کر دیا ہے، لہٰذا اب درآمد کنندگان 10٪ سیلز ٹیکس ادا کریں گے۔ انتظامی اقدامات میں بھی اضافہ کیا گیا ہے اور اب بینک میں زرضمانت جمع کرانا ہوگی جو صرف مخصوص حد کے اندر سیلز مکمل ہونے پر قابل واپسی ہوگی۔